محکمہ جیل خانہ جات پنجاب

ٹینڈر نوٹس نمبر (C.B-05-2019-20)

صوبہ پنجاب کی جیلوں کے لیے برائے مالی سال 2019-20 مندرجہ ذیل اشیا خوردنی لاٹ نمبر 1 کی فراہمی کے لیے جیل گیٹ پہنچ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران، مینوفیکچررز و ملز مالکان و محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ لائسنس یافتہ بااختیار ڈیلر حصہ لے سکتے ہیں تمام اشیاء کی (specifications) تصریحات ٹینڈر فارم کے ہمراہ منسلک ہیں۔ ٹینڈر دہندہ اپنی اشیاء کے 4 عدد سیل شدہ سیمپل ٹینڈر کے ہمراہ مہیا کرے گا۔ ٹینڈر دہندگان بمطابق سیمپل مال سپلائی کریں گے۔ نیز تمام ٹینڈر دہندگان زرِ شمولیت کل تخمینہ لاگت کا 2% جسکی تفصیل نیچے اور ساتھ (Bidding Documents اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دی گئی ہے کال ڈیپازٹ (CDR) کی صورت جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ٹینڈر دہندگان سیریل نمبر 01 تا 08 درج شدہ اشیاء کے نرخ ریجن کے علاوہ تمام ریجن کی بنیاد پر بھی دے سکتے ہیں۔ محکمہ جیل میں غیر رجسٹرڈ شدہ مینوفیکچررز، ملز مالکان، ڈیلر صاحبان ٹینڈر جمع کروانے سے قبل اپنی فرم کی تفصیلات مقررہ فارم جو کہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) سے حاصل کیا جاسکتا ہے پر فراہم کرنے اور مجاز اتھارٹی سے منظوری حاصل کرنے کے پابند ہونگے ورنہ ان کے ٹینڈر جمع نہیں کیئے جائیں گے۔

تفصیل ریجن وائز

نمبر شمار	نام اشیاء	اکائی	لاہور ریجن	ساہیوال ریجن	فیصل آباد ریجن	سرگودھا ریجن	بہاولپور ریجن	ملتان ریجن	راولپنڈی ریجن	کل پنجاب
1	دال مسور (ملکی)	کلوگرام	---	---	5300	4600	2200	4100	8600	24800
	زرِ شمولیت	روپے	---	---	16960	14720	7040	13120	27520	79360
2	دال ماش (دھلی ہوئی)	کلوگرام	23000	7800	11200	8900	---	---	---	50900
	زرِ شمولیت	روپے	92000	31200	44800	35600	---	---	---	203600
3	دال مونگ (دھلی ہوئی)		---	---	5200	4250	3000	4600	7400	24450
	زرِ شمولیت		---	---	19760	16150	11400	17480	28120	92910
4	لوبیا (سفید دیسی)	کلوگرام	---	---	---	---	5000	8000	---	13000
	زرِ شمولیت	روپے	---	---	---	---	16000	25600	---	41600
5	سرخ مرچ ثابت (ڈنڈی کٹ گول)	کلوگرام	6250	1900	3000	---	1430	2200	---	14780
	زرِ شمولیت	روپے	47500	14440	22800	---	10868	16720	---	112328
6	چینی سفید	کلوگرام	---	---	24200	18500	---	---	---	42700
	زرِ شمولیت	روپے	---	---	43560	33300	---	---	---	76860
7	کوکنگ آئل (کنولہ)	لیٹر	86200	31700	42400	34050	17800	34400	44800	291350
	زرِ شمولیت	روپے	362040	133140	178080	143010	74760	144480	188160	1223670
8	چاول باسمتی سپر	کلوگرام	53350	22900	15350	17800	---	---	42150	151550
	زرِ شمولیت	روپے	154715	66410	44515	51620	---	---	122235	439495

نوٹ:۔ مذکورہ درج بالا مقدار ایک اندازہ کے مطابق دی گئی ہے اس میں بیشی بمطابق پیپرا رولز ہو سکتی ہے۔

شرائط:

1. تمام اشیاء کے ٹینڈر ماسوائے کوکنگ آئل پیپرا رول (1)38 کے تحت وصول کیے جائیں گے جن میں صرف فنانشل پروپوزل ہوگی جسکے ساتھ اصل زرِ شمولیت منسلک کرنا لازمی ہوگی۔
2. کوکنگ آئل کیلئے پیپرا رول (iv)(iii)(ii)(i)(a)(1)38 کے تحت ایک پیکٹ میں دو لفافے جن میں ایک پرٹیکنیکل پروپوزل اور دوسرے پر فنانشل پروپوزل درج ہوگا۔ وصول کیے جائیں گے۔ اصل زرِ شمولیت CDR کی شکل میں فنانشل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہوگی۔
3. تمام ٹھیکیداران سربمہر لفافے ٹینڈر بکس میں مورخہ 28.01.2020 دن 11:00 بجے تک ڈالیں گے۔ پرچیز کمیٹی تمام ٹینڈرز، ٹینڈر دہندگان / مجاز نمائندگان کی موجودگی میں اسی روز بوقت 11:30 بجے کھولیں گی۔
4. نیز لفافوں پر واضح طور پر جلی حروف میں نام اشیاء اور ریجن یا تمام پنجاب لکھا ہوا ہونا چاہیے۔ سربمہر ٹینڈر بکس اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے دفتر میں روز اشاعت سے رکھ دیا جائے گا۔
5. ٹینڈر کے ہمراہ متذکرہ اشیاء کی زرِ شمولیت بصورت کال ڈیپازٹ جو کسی قومی شیڈول بنک کی بنی ہوئی ہو بنام انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب دینا ضروری ہے۔
6. ترمیم شدہ تمام اشیاء کے ٹینڈر فارم ماسوائے کوکنگ آئل بعوض -/500 روپے فی فارم اور کوکنگ آئل بعوض -/1500 روپے فی فارم برائے مالی سال 2019-20 دفتر زیرِ دستخطی سے روز اشاعت سے دفتری اوقات کار میں مورخہ 28.01.2020 کو مقررہ وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے خرید کیے جاسکتے ہیں نیز ہر آئیٹم اور ریجن کے لیے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فارم دینا ہوں گے۔ ہر ٹینڈر کے ساتھ ٹینڈر خریدنے کی رسید لف کرنا ہوگی۔
7. بوقت سپلائی ہر قسم کے لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات و فیس ٹینڈر دہندگان کو ادا کرنے ہونگے نیز سپلائی بعد از معائنہ محکمانہ کمیٹی اور تسلی بخش رپورٹ لیبارٹری وغیرہ دینی ہوگی۔ معائنہ کمیٹی ٹینڈر دہندہ کے مینوفیکچرنگ یونٹ کا دورہ کر سکے گی تاکہ پیداواری صلاحیت اور دیگر درکار معلومات حاصل کی جاسکیں۔ کوکنگ آئل کی فراہمی جس کی شرح و تفصیل اوپر درج کی گئی ہے پنجاب خالص خوراک ضابطہ کار، 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے۔
8. گذشتہ اور موجودہ مالی سال میں ٹھیکہ کے مطابق مال سپلائی نہ کرنے اور غیر معیاری اشیاء سپلائی کرنے والے ٹھیکیداران اور ٹینڈر دہندگان کو مالی سال 2019-20 کے ٹینڈر میں حصہ لینے سے روکا جاسکے گا۔ محکمہ جیل کے صرف وہ ٹھیکیدار ٹینڈر میں حصہ لے سکیں گے جن کی رجسٹریشن کی تجدید برائے مالی سال 2019-20 ہو چکی ہوگی۔
9. مندرجہ بالا آئیٹم کی فراہمی Punjab Pure Food Regulations, 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے جسکو باقاعدہ لیبارٹری یا متعلقہ محکمہ سے چیک کروایا جائیگا ٹیسٹ پر آمدہ خرچ کی تمام تر ذمہ داری ٹینڈر دہندگان ہوگی۔
10. منظور شدہ آئیٹمز کی انسپکشن ہیڈ آفس کی جانب سے مقررہ کردہ جگہ پر کروانی ہوگی۔ ترجیحاً ریجنل لیول کی منظور شدہ آئیٹمز کی انسپکشن متعلقہ ریجنل ہیڈ کوارٹر اور آل پنجاب آئیٹمز کی انسپکشن لاہور یا دیگر موزوں جگہ جو کہ ہیڈ آفس مقرر کرے وہاں کروانی ہوگی۔
11. ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں فرم متعلقہ کو منظوری کے بعد 07 یوم کے اندر اندر معاہدہ کرنا ہوگا بعد از معاہدہ 30 یوم کے اندر مال کی انسپکشن کی تاریخ دینی ہوگی جو کہ 10 یوم سے زائد نہ ہوگی۔ انسپکشن میں ناکامی کی صورت میں آفر منسوخ کر دی جائے گی اور زرِ شمولیت ضبط کر لی جائے گی۔
12. وہ ٹینڈر جو مندرجہ بالا شرائط پوری نہ کرتے ہونگے مسترد کر دیے جائیں گے۔ نیز انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو اختیار ہوگا کہ وہ سرکاری مفاد میں بمطابق پیپرا رولز کسی بھی شرط میں تبدیلی کے مجاز ہونگے۔
13. تمام پیکنگ آئیٹم مثلاً ٹین، بوری (جیوٹ) توڑے پلاسٹک وغیرہ ناقابل واپسی ہونگے۔
14. تمام مروجہ ٹیکسز اور انعام ڈیوٹی کی ادائیگی بذمہ فراہم کنندہ ہوگی۔
15. ٹینڈر میں دی گئی اشیاء کی مکمل تصریحات (Specifications) نقل (Bidding Document) مقدار اور زرِ شمولیت و دیگر شرائط PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) اور محکمہ جیل خانہ جات کی ویب سائٹ www.prisons.punjab.gov.pk پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور کسی شکایت یا مسئلہ کی صورت میں آئی جی اور ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹر) سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

1 آئی جی جیل خانہ جات پنجاب 042-99200465-66 2. ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹر) جیل خانہ جات پنجاب 042-99200473 3

مزید معلومات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے فون نمبر (042- 99200498,570-582) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

مرزا شاہد سلیم بیگ
انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

Scanned by CamScanner